## سوال

(53)کتاب حصن حصین اور حرزا لجوشن وغیرہ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دم اور تعویز اگر قرآن مجید سے ہو تو اس کا کیا حکم ہے ؟اگر میں اپنے ساتھ ''حصن حصین '' یا کتاب ''حرزا لجوشن ''یا ''سبع عقود سلیمانیہ ''رکھو تو اس کا کیا حکم ہے۔؟ کیا یہ صحیح ہے۔ کہ ان کتابوں کا اپنے پاس رکھنا نظر بد اور حسد۔۔۔وغیرہ سے بچاتا ہے۔؟ لوگ یہ بیان کرتے ہیں۔کہ ان کتابوں میں معوذات اور آیۃ الکرسی ہے۔اگر کتابوں کو ہر وقت ساتھ نہ رکھا جائے تو کیا پھر بھی معوذات اور آیۃ الکرسی کا پڑھنا فائدہ دیتا ہے۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرآن مجید اور ایسے اذکار اور دعاؤں کے ساتھ دم کرنا جائز ہے۔جو شرکیہ نہ ہوں۔تعویز لکھنے اور انہیں بطور حرز کے استعمال کرنے کے بارے میں ہم ایک مفصل فتویٰ جاری کر چکے ہیں۔اسے ملاحظہ فرمایئں۔

کتاب ''حصن حصین ''حرزا لجوشن ''اور ''سبعہ عقود'' وغیرہ کو بطور حرز استعمال کرنا جائز نہیں ہے۔سوتے وقت آیۃ الکرسی کا پڑھنا نیز ''قل ھو اللہ احد'' اور ''معوذتین ''کا پڑھنا مفید ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی بن باز رحمہ اللہ

جلد دوم